| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'پ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف (ا تا ب) کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'پ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'پ' ہے یہ حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے اس کی شکل 'ب' جیسی ہوتی ہے۔ مگر اس کے نیچے 3 نقطے ہوتے ہیں بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'پ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'پ' کے ذخیرہ الفاظ (پیاز، پرندہ، پنسل، پانی، پالک، پہاڑ، پتا) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'پ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'پ' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی جس میں وہ حرف 'ب' اور حرف 'پ' میں سے حرف 'پ' کی نشاندہی کریں گے۔<br>بچوں کو سادہ کاغذ دیا جائے گا اور سادہ کاغذ پر پتوں کی مدد سے stemp painting کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام ہر بچوں سے حرف 'پ' کا درست تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | صرف فلیش کارڈ تصاویر<br>پی پی ٹی<br>پوسٹر کالرز پتے<br>سادہ کاغذ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر<br>ہوپ سکوچ گیم: چاک کی مدد سے فرش پر 'ب' اور 'پ' کافی دفعہ لکھیں پھر بچوں کو کہیں کہ صرف 'پ' کی نشاندہی کریں اور اُس پر چھلانگ لگائیں اور 'پ' کی آواز بتائیں<br>پوسٹر کالرز پتے |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے 'حرف 'پ' کو پہچان سکیں' اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'پ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | تعارف:<br>بچوں کو 'پ' سے شروع ہونے والی نظم سنائیے۔<br>پانچ چوہے گھر سے نکلے کرنے چلے شکار<br>ایک چوہا رہ گیا پیچھے باقی رہ گئے چار<br>چار چوہے جوش میں آکر لگے بجانے بین<br>ایک چوہے کو آ گئی کھانسی باقی رہ گئے تین<br>تین چوہے ڈر کے بولے گھر کو بھاگ چلو<br>ایک چوہے نے بات نہ مانی باقی رہ گئے دو<br>دو چوہے مل کر بیٹھے دونوں ہی تھے نیک<br>ایک چوہے کو کھا گئی بلی باقی رہ گیا ایک<br>حرف 'پ' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر اس کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو Play dough کی مدد سے حرف 'پ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 10 لیں اور حرف 'پ' پر انگلی پھیریئے اور حرف 'پ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے 'پ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائیے۔ | 20 منٹ | Play dough<br>کتاب صفحہ 10 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | **‘پ’ سے پرندہ:**<br>کاغذ کی پلیٹ کو آدھا کر کے بچوں کو اس میں پینٹ برش سے رنگ بھرنے میں مدد کریں۔ پھر بچوں کو پرندے کے پر، چونچ اور ٹانگیں لگانے میں مدد کریں کالے مارکر سے پرندے کی آنکھیں بنائیں۔ ‘پ’ سے شروع ہونے والی چیزوں میں رنگ بھریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام ہر بچوں سے ہوا میں حرف ‘پ’ بنوایا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | پیپر ، پلیٹ ، پوسٹر کلرز ، پینٹ برس ،<br>چارٹ، پیپر بلیک مارکر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’پ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے ’حرف ’پ‘ کو پہچان سکیں‘ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’پ‘ کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے ’پ‘ کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف ’پ‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’پ‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف ’پ‘ کی کہانی سنیں گے۔<br>پنکی کی امی نے اُس کو کہا کہ باہر لان میں پودوں کو پانی دو۔ پنکی لان میں پودوں کو پانی دے رہی تھی تو اس نے وہاں پپیتا، پیاز اور پالک کے پودے دیکھے۔ اچانک پنکی کو پاپڑ والے کی آواز آئی وہ امی سے پیسے لینے بھاگی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پیاز کی تصویر کی ورک شیٹ دی جائے گی اور اس میں انگلی کی مدد سے رنگ بھرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 20منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ**<br>: بچوں سے پنکی، پودوں پپیتا، پاپڑ اور پیسے کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'پ' کی پہچان کر سکیں' اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'پ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'پ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اس میں 'پ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا۔ کہ آج ہم 'پ' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے پالک، پہاڑ اور پتے کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید / سیاہ ہرا سے لیکر پ سے حروف تہجی لکھے جائیں گے۔ حرف 'پ' زیادہ مرتبہ لکھا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ صرف 'پ' پر مار کر پھیریں اور دائرہ لگائیے۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اس میں دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا 'باجا' کی ابتدائی آواز 'پ' ہوتی ہے۔ بچوں کو 'پ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'پ' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 11 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پالک، پہاڑ اور پتے کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'پ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'پ' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف 'پ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف:<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'پ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'پ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'پ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'پ' پر پینسل پھیریئے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'پ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'پ' کی نشاندہی کرنے پر |